© rasailojaraid.com

مقالات ہیں وہ بہت مفید اور بصیرت افروز ہیں ایک باب قرآن کی عملیات پر بھی ہے۔ ادبیات کے زیرِ عنوان تمام نظمیں بھی قرآن ہی سے متعلق ہیں۔ شروع میں قرآن مجید کے مختلف نادر نسخوں کے عکسوں نے اس نمبر کی جاذبیت میں اضافہ کر دیا ہے۔ بہرحال اس ایک نمبر کا مطالعہ قرآن سے متعلق متعدد کتابوں کی ورق..... گردانی سے بے نیاز کر سکتا ہے۔

ہفتہ وار سرفراز لکھنؤ کا خاتم النبیین نمبر:۔ مرتبہ جناب مصطفی حسن صاحب رضوی۔ کتابت وطباعت بہتر۔ ضخامت ۴۸۶ صفحات۔ قیمت آٹھ روپیہ پتہ:۔ قومی گھر ناداں محل روڈ۔ لکھنؤ۔

سرفراز لکھنؤ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کا مشہور ہفتہ وار ترجمان ہے۔ یہ ضخیم نمبر آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چہاردہ صد سالہ بعثت کی یادگار میں نکالا گیا ہے اور اسی بنا پر اس میں جو مضامین شریکِ اشاعت ہیں اُن میں سے اکثر و بیشتر آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ سے براہِ راست متعلق ہیں اور توجہ سے لکھے گئے ہیں۔ بعض مضامین مثلاً مضمون نمبر ۳۷ و ۴۷ و ۴۸ ایک خاص فرقہ کے نقطۂ نظر کے حامل ہیں۔ اس کے علاوہ چند مضامین اسلام کی بعض تعلیمات پر بحث و گفتگو کے لئے وقف ہیں۔ مثلاً تعدد ازدواج "" عورت "" تربیت اطفال "" وغیرہ۔ جو نمبر اس قدر ضخیم ہو اور جس میں اس درجہ متنوع مضامین و مباحث ہوں اُس کے ہر مضمون سے متفق ہونا بہت مشکل ہے۔ تاہم نمبر بڑی محنت اور خوش اسلوبی سے مرتب کیا گیا ہے اور مختلف حیثیتوں سے لائق مطالعہ ہے۔

شاعر بمبئی کا کرشن چندر نمبر:۔ مرتبہ اعجاز صدیقی تقطیع کلاں۔ ضخامت ۱۰۰ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت دس روپیہ پتہ:۔ قصر الادب بمبئی ۔ ۸۔

شاعر اُردو کا دیرینہ اور مشہور ادبی ماہنامہ ہے۔ اس کے خاص نمبر معیاری اور ادبی شاہکار کی حیثیت رکھتے ہیں۔ لیکن یہ نمبر گزشتہ سب نمبروں سے سبقت لے گیا ہے۔ کرشن چندر اُردو زبان کے سب سے بڑے ادیب ہوں یا نہ ہوں لیکن اس میں شبہ نہیں کہ وہ اس زبان کے سب سے زیادہ مقبول و ہردلعزیز

© rasailojaraid.com